SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

May 31, 2024

**ایس ای سی پی نے سکیورٹیز مینیجرز (لائسنسنگ اور آپریشنز) ریگولیشنز کا مسودہ رائے عامہ کے لئے جاری کر دیا**

اسلام آباد، 31 مئی: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے سیکیورٹیز مینیجرز (لائسنسنگ اور آپریشنز) ریگولیشنز 2024 کا مسودہ، اسٹاک مارکیٹ کے اسٹیک ہولڈروں اور عوام سے فیڈبیک کے جاری کر دیا ہے۔ مجوزہ ریگولیشنز کی وضاحت کے لئے، ریگولیشنز میں دیئے گئے مختلف تصورات کی وضاحت کے لئے مسودے کے ساتھ ایک کانسیپٹ پیپر بھی جاری کیا گیا ہے۔

مجوزہ ریگولیٹری فریم ورک کے مطابق سکیورٹیز بروکرز، کمیشن سے 'سیکیورٹیز مینیجر' کے طور پر کام کرنے کے لیے مطلوبہ لائسنس حاصل کرنے کے بعد ہی پورٹ فولیو مینجمنٹ کی خدمات فراہم کریں گے۔

سکیورٹیز مینیجرز کے لائسنس کے لئے تجویز کئے گئے تقاضوں میں بروکر کی مالیاتی ورتھ، اس کے ساکھ کی درجہ بندی، تحقیقی صلاحیت اور دیگر تکنیکی صلاحیتیں شامل ہیں۔ علاوہ ازیں، سکیورٹیز مینیجر کو صارفین کے فنڈز اور سکیورٹیز کو ایک علیحدہ کسٹوڈئین کے پاس رکھوانا ہوں گے۔

مجوزہ ریگولیشنز میں لائسنسنگ کے حصول کے لئے درخواست دائر کرنے کا طریقہ کار، سیکیورٹیز مینیجر کا کوڈ آف کنڈیکٹ، صارفین کے لیے سرمایہ کاری کی پالیسی، مفادات کے تصادم کے انتظام، صارفین کے فنڈز کی مینجمنٹ اور سرمایہ کاری اور سکیورٹیز کا پورٹ فولیو کی مینجمنٹ کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی گئی ہے۔ مجوزہ ریگولیشنز کا مسودہ اور کانسپٹ پیپر ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دئے گئے ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد و ادارے securities.managers@secp.gov.pk پر ای میل کے ذریعے اپنا فیڈبیک شیئر کر سکتے ہیں۔